38927-روزے کے ارکان

سوال

روزے کے ارکان کیا ہیں ؟

پسندیدہ جواب

فقہاء کرام کا اس پر متفق ہیں کہ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک روزہ توڑنے والی اشیاء سے رکنا روزے کے رکن میں شامل ہے ۔

لیکن نیت میں اختلاف پایا جاتا ہے :

احناف اور حنابلہ کے ہاں نیت روزہ کے صحیح ہونے کی شرط ہے اس کے بغیر روزہ صحیح نہیں ، لیکن مالکی اور شوافع کہتے ہیں کہ نیت روزے کے لیے رکن ہے اور اسے بھی امساک یعنی روزہ توڑنے والی اشیاء کے ساتھ ہی ملایا جائے گا ۔

نیت چاہے شرط ہو یا پھر رکن دونوں حالتوں میں نیت کے بغیر دوسری عبادتوں کی طرح روزہ بھی صحیح نہیں ، لیکن نیت کے ساتھ ساتھ روزہ توڑنے والی اشیاء سے بھی بچنا ضروری ہے کیونکہ روزہ کا رکن ہے ۔

دیکھیں کتاب : البحر الرائق (276/2) مواھب الجلیل (378/2) نھایۃ المحتاج (149/3) نیل المآرب شرح دلیل الطالب (274/1) ۔

واللہ اعلم .